# ٹینڈر طلبی نوٹس

محکمہ سوشل ویلفیئر اسپیشل ایجوکیشن اینڈ وومن امپاورمنٹ، حکومت صوبہ خیبر پختونخوا ضلع پشاور کے زیرنگرانی مختلف اداروں یعنی بحالی مرکز برائے عادی منشیات افراد،


# ٹینڈر طلبی نوٹس

محکمہ سوشل ویلفیئر اسپیشل ایجوکیشن اینڈ وومن امپاورمنٹ، حکومت صوبہ خیبر پختونخوا ضلع پشاور کے زیرنگرانی مختلف اداروں یعنی بحالی مرکز برائے عادی منشیات افراد، دارالکفالہ، وومن کرائسز سنٹر، سکول برائے بینائی سے محروم بچے (بوائز اور گرلز ہاسٹل)، اسپیشل ایجوکیشن کمپلیکس ہاسٹل، پناہ گاہ (شیلٹر ہوم) پجگی روڈ، پناہ گاہ کوہاٹ روڈ و پناہ گاہ KTH ہسپتال نزد ایمرجنسی گیٹ پشاور اور سینئر سیٹیزن ہوم پشاور کو معیاری فریش/خشک راشن اور پکے ہوئے کھانے کی سپلائی روزانہ کی بنیاد پر برائے مالی سال 2026-27 کیلئے رجسٹرڈ فرموں جو کہ خیبر پختونخواہ ریگولیٹری اتھارٹی کی ویب سائیٹ http://kp.eprocure.gov.pk پر رجسٹرڈ ہو چکے ہوں سے بذریعہ ای پروکیورمنٹ ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر بذریعہ E-PAD مورخہ 07-10-2026 بوقت 11:00 بجے صبح تک آنلائن جمع کیے جاسکتے ہیں۔ اور اسی روز بوقت 11:30 بجے ٹینڈر نمائندگان اور ارکان کمیٹی ممبران کے روبرو کھولے جائینگے۔

## شرائط:۔

۱۔ ٹینڈر ہذا Single Stage, Single Envelope Procedure، کے تحت ہوگا جس کے لئے فہرست راشن و ٹینڈر ڈاکومنٹس E-PAD System سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔ صرف انہی مجوزہ ڈاکومنٹس پر ٹینڈر ریٹس قابل قبول ہونگے، ریٹ درج کرتے ہوئے کوئی Overwriting/Cutting نہیں ہونا چاہیے۔

۲۔ ٹینڈر دہندہ گان کو کسی بھی ایک وفاقی یا صوبائی رجسٹریشن ایکٹ کے تحت رجسٹریشن دینے کا ثبوت دینا ہوگا۔

۳۔ ٹینڈر کے ساتھ کسی بھی شیڈول بینک میں کل مالیت **36** لاکھ روپے کال ڈیپازٹ بنام زیردستخطی E-PAD پر اپلوڈ کرنا ہوگا اور اصل CDR ٹینڈر کھولنے یعنی 11:30 سے پہلے دفتر زیردستخطی میں لازمی جمع کرانا ہوگا۔ جو کہ ٹینڈر کھولنے کے وقت پروکیورمنٹ کمیٹی (Procurement Committee) کے سامنے پیش کی جائیگی۔ CDR اپلوڈ نہ کرنے یا اصل CDR از دفتر میں بروقت پیش نہ کرنے کی صورت میں متعلقہ فرم کو ٹینڈر پروسیس کا حصہ تصور نہیں کیا جائیگا۔

۴۔ تمام ٹیکسز حکومت کی مروجہ پالیسی اور قوانین کے مطابق منہا کئے جائینگے۔

۵۔ فرم کا متعلقہ فیلڈ میں تجربہ ضروری ہے جس میں اُس نے کسی بھی سرکاری ادارے کو راشن کی کامیاب فریش/خشک اور پکے ہوئے خوراک/ کھانے کی سپلائی Bid Documents کے مطابق کی ہو اور فرم اُس کا ثبوت Supply Order, Completion & Performance Certificate کی صورت میں ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔

۶۔ تمام ٹینڈر دہندہ گان، E-PAD Portal کے ذریعے اپلائی کرے اور تمام ڈاکومنٹس وہاں اپلوڈ کرے۔ تمام ڈاکومنٹس اپلوڈ کرتے وقت Visible ہونے چاہیے۔ جبکہ تمام پیجز پر Page Number ضرور لکھ لے۔

۷۔ مزید اور مفصل شرائط وضوابط کے لئے Bid Documents کا مطالعہ کریں۔

۸۔ زیردستخطی KPPRA Rules 2014 کے تحت معقول وجوہات کی بنا پر کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو منسوخ کر سکے گا۔ جس کی تفصیلات سے متعلقہ ٹینڈر دہندہ اور درخواست کنندہ کو آگاہ کیا جائے گا۔

KPPRA 18/09/26

No. 729-734
17.09.26

**ضلعی آفیسر**


محکمہ سوشل ویلفیئر، اسپیشل ایجوکیشن اینڈ وومن امپاورمنٹ، ضلع پشاور،
پجگی روڈ نزد باچا خان مرکز بشیر آباد، پشاور۔ فون نمبر (091-9331700)


Dairy No 4403
18/9/20

18/9/20

RECEIVED
Directorate General Information & PRs
Khyber Pakhtunkhwa Peshawar